SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر VI مجریہ ۱۹۹۱

SINDH ACT NO.VI OF 1991

سندھ سروس ٹربیونلز (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۱

THE SINDH SERVICES TRIBUNALS (AMENDMENT) ACT, 1991

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act XV of 1973
۳۔ ۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعات 3-B، 3-C، 3-D کی شمولیت
Insertion of Section 3-B, 3-C, 3-D of Sindh Act XV of 1973
۴۔ ۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۸ کی ترمیم
Amendment of section 8 of Sindh Act XV of 1973
۵۔ ۱۹۹۱ کے سندھ آرڈیننس II کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance II of 1991

سندھ ایکٹ نمبر VI مجریہ ۱۹۹۱
SINDH ACT NO.VI OF 1991
سندھ سروس ٹربیونلز (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۱

THE SINDH SERVICES TRIBUNALS (AMENDMENT) ACT, 1991

[۱۳ جون ۱۹۹۱]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ سروس ٹربیونلز ایکٹ، ۱۹۷۳ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ سروس ٹربیونلز ایکٹ، ۱۹۷۳ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱)اس ایکٹ کو سندھ سروس ٹربیونلز (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۱ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of section 2 of Sindh Act XV of 1973

۲۔ سندھ سروس ٹربیونلز ایکٹ، ۱۹۷۳ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی فعہ ۲ کی شق (c) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ سے پہلے، لفظ اور عدد "یا دفعہ 3-B" شامل کیئے جائیں گے۔

۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعات 3-B، 3-C، 3-D کی شمولیت

Insertion of Section 3-B, 3-C, 3-D of Sindh Act XV of 1973

۳۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 3-A کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعات شامل کی جائیں گی:

"3-B۔ (ماتحت عدالتوں کے میمبران کے لیئے ٹربیونل) جب تک کچھ دفعہ ۳ کے متضاد نہ ہو، ہائی کورٹ کا چیف جسٹس ہائی کورٹ کی تین ججز پر مشتمل ٹربیونل بنا سکتا ہے، جن میں سے سب سے سینئر چیئرمین ہوگا اور باقی دو ججز ٹربیونل کے میمبر کے طور پر کام کریں گے اور اس طرح تشکیل دی گئی ٹربیونل کو ماتحت عدلاتوں کے میمبرز کی خدمات کی شرائط و ضوابط سے متعلقہ معاملات بشمول انتظامی معالیات کے اوپر مکمل دائرہ اختیار ہوگا۔"؛

"3-C- (ذیلی دفعہ 3-B کے تحت 3-A ٹربیونل پر نافذ نہیں ہوگا) دفعہ 3-B کے تحت تشکیل دی گئی ٹربیونل پر دفعہ 3-A میں شامل کچھ بھی نافذ نہیں ہوگا۔"؛

"3-B- (التویٰ میں کیسز کی منتقلی) ماتحت عدالتوں کے میمبرز کی خدمات کی شرائط و ضوابط سے متعلقہ سارے معامات جو دفعہ ۳ میں مذکورہ ٹربیونل کے پاس التویٰ میں ہوں، وہ سارے سندھ سروس ٹربیونلز (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۱ کے نافذ ہونے کے فوری بعد دفعہ 3-B کے تحت قائم کردہ ٹربیونل کی طرف منتقل ہو جائیں گے۔"؛

۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۸ کی ترمیم

Amendment of section 8 of Sindh Act XV of 1973

۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۸ کی ذیلی دفعہ (۱) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ دفعہ 3-B کے تحت قائم کردہ ٹربیونل کے سلسلے میں قواعد ہائی کورٹ کی مشاورت سے بنائے جائیں گے۔"۔

۱۹۹۱ کے سندھ آرڈیننس II کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance II of 1991

۵۔ سندھ سروس ٹربیونلز (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۱ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا